کی کوالٹی آف construction بھی آپ دیکھیں ۔ آپ تو maintenance کی بات کرتے ہیں۔پہلے تو میں سمجھتا ہوں آپ ذرا بیڈ سے چادر اٹھا کر نیچے دیکھیں کہ کیا ہے ۔دروازوں کو دیکھیں ۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا سیریس قسم کا معاملہ ہے اس میں تو بڑی ہائی لیول کی انکوائری ہونی چاہیئے ۔ٹھیکیداروں کو بدنام کیا جاتا ہے ۔جو لوگ اس کے ذمہ دار ہیں۔میں یہ سمجھوں گا یہ ہنسنے کی بات نہیں ہے ۔ It is a serious matter and I would request the Minister concerned that this matter should be taken up seriously اور آئندہ کے اجلاس میں اس ہاؤس میں رپورٹ پیش کریں کہ کیا ایکشن لیا گیا ہے ۔

سید اقبال حیدر۔ سی ڈی اے اور پی ڈبلیو ڈی کی کمیٹی کو فوراً dissolve کر دیا جائے۔ان کے ذریعے کوئی کارخیر نہ ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے ۔جناب چیئرمین ، اس بلڈنگ کی چھت آج تک ٹپکتی ہے ۔ کرپشن کا یہ عالم ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ایک سکینڈ ، شفقت محمود صاحب۔

IV) Re: THE DECISION OF QUETTA BENCH AND THE DEVELOPMENTS AFTERWARDS IN THE SAME CONCERN

Mr. Shafqat Mehmood: Thank you Mr. Chairman.

Sir, going beyond the problems of the Parliamentarian Lodges and construction problems and so on, I would seek your indulgence to raise an issue which I think is of national importance. If you recall sir that during the recent crisis and I am not going to merits of the case or say anything about the Judges, there should not be any worry on that score but I just want to make a small point which has been agitating me for sometime. Sir, after the decision of the bench in Quetta which declared the Chief Justice to be under-suspension or any sorts of different language was used and as a result of that the official media started to describe Chief Justice Syed Sajjad Ali Shah as Justice Sajjad

Ali Shah and for a considerable period of time he was not referred to as the Chief Justice etc. etc. In fact in many other occasions also where an official spokesmen or the Minister for Information or various people who went up in the court and did a variety of things in which our heads, even now, hang in shame. This pattern was repeated and then suddenly he started to be called Chief Justice (under-restraint). So. from a Justice in other words recognizing or trying to acknowledge or give the impression that he is no longer the Chief Justice, therefore, being called Justice then suddenly there has been a change, there has been a shift and that shift is visible both in the remarks that are being made by the honourable Bench which is hearing that petition but various other spokesmen and government controlled media and so on and so forth. So, sir, the question arises that the first decision which was made by the Government to start calling him Justice was a certain kind of an acknowledgement which was a self-serving acknowledgement but nevertheless, it was an acknowledgement. And now there is a change. So I would like a definite statement from a Minister of the Government today that Syed Sajjad Ali Shah Chief Justice (under-restraint) is Syed Sajjad Ali Shah a judge of the Supreme Court. What isit that is recognized. Sir, I am not discussing judiciary. I am discussing the official media policy. In fact, I have not even tried to get into the legal aspect of the case.

Mr. Presiding Officer: The Senator is not discussing the conduct or merit of the case. He is referring to something different.

Mr. Shafqat Mehmood: I am referring to something entirely different. Sir, I am referring to the stance taken by the official media. I mean, the

official media took a stance and declared him not to be Chief Justice. They said, he is Justice Sajjad Ali Shah. And in news commentaries, in Khabarnama, in statement, by the honourable Information Minister which, are of course, coming morning, afternoon and night, in every occasion after the Quetta decision, he was being constantly referred to as Justice Sajjad Ali Shah. And now, there is a shift, he is Chief Justice under restraint. I would like to know from the honourable Minister for Parliamentary Affairs and the honourable Finance Minister who is also the Secretary General of the Pakistan Muslim League (Nawaz Group). I would like to know that what is the official stance of the government. Do they recognize him as Chief Justice (under restraint) or they do not recognize him as Chief Justice because this is a very important point

Mr. Presiding Officer: You have made your point. Anybody would like to respond from the government side?

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔جناب والا ! اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ' جو سپریم کورٹ اس سلسلے میں view point رکھتی ہے ہم اسے تسلیم کرتے ہیں ۔ اس بارے میں گورنمنٹ کا view point اس حیثیت سے کہ اخبارات میں اگر کچھ لکھا جائے ' انہیں چیف جسٹس لکھا جائے یا under restraint لکھا جائے یا صرف جسٹس لکھا جائے ' اس کے بارے میں عام میڈیا سے تو کوئی حکومت کا تعلق نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔نہیں ،نہیں ' .No cross talk please

میاں محمد یسین خان وٹو ۔ دس ججز کا بنچ جناب کیس سن رہا ہے ۔ دس ججز کا بنچ کیس سن رہا ہے ۔ وہ جو بھی فیصلہ فرمائیں گے اور اس وقت جو ان کے احکامات ہیں ہم ان کے سامنے سرتسلیم خم کرتے ہیں ۔ آج بھی ان کے جو احکام ہیں ہم انہیں تسلیم کرتے ہیں اور فائنل آرڈر بھی جو ان کا ہوگا اس کو بھی تسلیم کریں گے ۔ وہ جو فیصلہ کریں گے حکومت اس

کو تسلیم کرے گی۔

(V) Re: THE STATEMENT OF THE PRIME MINISTER FOR THE RE-EMPLOYMENT OF THE FORCELY RETIRED AND TERMINATED EMPLOYEES FROM THE BANKS.

Mr. Presiding Officer: Mian Raza Rabbani on a point of order.

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, I am grateful. Sir, you would recall that yesterday on the floor of the House an observation was made or rather a statement was made with reference to the bank employees by the honourable Finance Minister when we raised this question that during the pendency of the crisis the Prime Minister made a statement to the effect that all bank employees who have been compulsorily or forcefully retired would be taken back. And the honourable Finance Minister said on the floor of the House that no such statement was made and if I now recall correctly, he said that if at all, they would be provided with alternate government jobs. Sir, I would like to place before you or rather through you on th floor of this House, a statement of the Prime Minister which appeard on the 28th of November, 1997 in 'Jang' Rawalpindi, which says

بینکوں سے جبری ریٹائر کئے گئے ملازمین کی بحالی کا اعلان۔ And then it goes on in the news item and it says that - وزیر اعظم نواز شریف نے بینکوں سے جبری ریٹائر کئے گئے ملازمین کو فوری بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔

I would like to come on the record and I would also like to state that this is yet another example of the double standards that are being followed by this government. One day they make one statement, the next day they resile from

that statement. And not only that but the honourable Finance Minister made a mis-statement on the floor of the House yesterday that the Prime Minister made no such announcement. The Prime Minister in categorical terms and till yesterday i.e. when the honourable Finance Minister made this statement, there was no contradiction issue from the Prime Minister's Secretariat, by the Finance Ministry or by anyone else. So this is yet another example and yet on the one hand we have people who are benign, compulsorily retired, we have people who are being thrown out of the banking sector for no rhyme or reason from branches, particularly in the rural areas, these are being closed under the dictate of international donor agencies. And yesterday the Finance Minister admitted that fact and yet we are being told that this is being done because the situation in the banks is not good, but why does the Finance Minister yesterday also hedged in answering the question that why is the question of defaulting loan not being addressed by this government, why is it that an extention has been given to bad loan defaulters, it was to expire in December but they have said no, let that extention go up to the 16th of February. Why? For the simple reason that the House of Ittefaq heads the 500 top defaulters in this country. I would like to place this news item on the floor of the House. The news item which according to the Supreme Court, if not contradicted, is correct.

Mr. Sartaj Aziz: Mr. Chairman, as the honourable member, I am sure, knows this reported statement was reported differently in different news papers and tomorrow I will present half a dozen more cuttings which present the same news in different way. So obviously there were some confusion in reporting and therefore, the issue can be clarified.

Mian Raza Rabbani: I would like to place another news item on the floor of the House.

Mr. Sartaj Aziz: I will give you 'Nation', I will give you 'Nawa-e-Waqt', I will give you 'Dawn', I will give you three other newspapers which reprot this differently.

On the other question which the honourable member has raised I think it is not proper to raise the issue again and again in the same way, I have already made an offer that the relevant Standing Committee should convene a special session on this issue so that the thing can be debated properly and we can present to them the facts and figures as they pertain. The issue of recovery of loans, again he is ignoring the statement I made yesterday that it is the first time in so many years that the issue of recovery of defaulted loan is receiving very very serious attention, the total recovery made this year will be a record. The over all reduction in the revenues during previous government in three years, the proportion of stuck up loan the total size of the stuck up loan went up by 70 per cent from 82 billion rupees to 128 billion rupees. This is the first time when the actual size of the stuck up loan will go down. Similarly the overall issue of bank size and bank efficiency, they are again, I am going to publish a white paper at the end of this year which will show the balance sheet and the performance of these banks for this year after the reforms were introduced and new management took over versus the performance of the banks in terms of administrative cost, stuck up loans, income, expenditure and losses then the whole thing will be clear and he will know whether the performance by isolating one figure relating to another figure to play to the gallery is not good enogh, I

think it is a serious issue, we should undertake a serious exercise to see what has actually happened because it is in the national interest that these financial institutions should become healthy. And we have now very good exmaple that in these financial crisis when the banks in very better off countries, stronger economies like Malaysia, Thailand, Korea were suffering such a major strain because of these reforms the negative effect on our banking sector has not been equally stronger. And therefore, I invited the committee, its Chairman is not here today but he is welcome to convene a special session where all the members should be invited who are interested, so that this issue should be debated in a serious manner and not as a debating point.

Mr. Presidng Officer: Aitzaz Sahib do you want to say something.

چوہدری اعتراز احسن - جناب مجھ سے پہلے ڈاکٹر حئی صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ایک بہت اہم مسئلے پر بولنا چاہتے ہیں -

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - دیکھیں بات یہ ہے اس پر پہلے ہی کافی بحث ہو چکی ہے- تو آپ کو

being the Leader of the Opposition I wanted to give you an opportunity.

چوہدری اعتراز احسن- ڈاکٹر صاحب کا بہت مختصر سا ہے جی-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر- ڈاکٹر صاحب کا مختصر بھی کافی ہوتا ہے -

چوہدری اعتراز احسن- اچھا ڈاکٹر صاحب کا مختصر بھی طویل ہوتا ہے -

VI) Re: APPOINTMNET FROM THE BACK DOOR IN THE GOVERNMENT DEPARTMENTS AND ON THE OTHER SIDE OFFICIALLY BAN INTACT ON APPOINTMENTS AND ENLARGING THE CABINET BY THE FEDERAL GOVERNMENT

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ جی عبدالحئی بلوچ۔ ذرا مختصر بات کرنی ہے ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! بہت مختصر کروں گا ۔ جناب چیئرمین صاحب! میری اس معزز ایوان میں یہ گزارش ہے کہ یہ باتیں لوگوں کی طرف سے آ رہی ہیں کہ صوبائی حکومت اور فیڈرل حکومت چوری چوری لوگوں کی بھرتی کر رہے ہیں ' چپکے چپکے لوگوں کو بھرتی کر رہے ہیں اور ایک ایک 'دو دو' دس دس کر کے بھرتیاں کر رہے ہیں۔ میں حکومت وقت سے یہ جاننا چاہوں گا کہ جناب والا! آپ ban کی بات کرتے ہیں کہ ban ہے اور نہ صرف ban کی بات کرتے ہیں بلکہ آپ نے جو ہزاروں ملازمین نکا ل دیئے ہیں اور ادھر بھرتیاں بھی کر رہے ہیں ' ادھر آپ ریٹائرڈ لوگ بھی لے رہے ہیں اور ادھر سے آپ وزرا۔ کا جم غفیر' یعنی 72 فیڈرل وزرا اورمشیر ہیں اور صوبائی حکومت بھی اپنے وزرا ۔ اورمشیروں میں اضافہ کر رہی ہے ۔ہمیں یہ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ عام غریب پڑھے لکھے آدمی کے لئے تو روز گار کے دروازے بند ہیں ۔ اس کے لئے حکومت کہتی ہے کہ ہماری مالی مشکلات ہیں ۔ جناب والا! یہ جو وزرا کا جم غفیر ہے ۔ چاہے وفاق میں ہو یا صوبے میں ہو تو ان کے لئے آپ پیسہ کہاں سے لا رہے ہیں اور جو آپ خصوصی گرانٹ خرچ کر دیتے ہیں' یہ آپ کہاں سے لاتے ہیں ؟ ایک طرف آپ کی پالیسی ہے کہ آپ لوگوں کو نکال رہے ہیں اور دوسری طرف لوگوں کو بھرتی کر رہے ہیں۔

(VII) RE: A STUDENT DIED IN A ROAD ACCIDENT DUE TO CARELESSNESS OF A TRUCK DRIVER.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ڈاکٹر صاحب آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے بہت مختصر طور سے فرما دیا ۔ جی تاج حیدر صاحب ۔ جی آپ بھی مختصر سا فرمائیں ۔

جناب تاج حیدر ۔ جناب والا! میں آپ کے توسط سے حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جو اس وقت اسلام آباد اور راولپنڈی میں صورت حال پائی جارہی ہے ۔اس وجہ سے کہ ایک طالب علم ٹرک کے نیچے کچلا گیا اور یہ کوئی isolated incident نہیں ہے ۔ بتایا جا رہا ہے کہ آئے دن اس قسم کے حادثات ہو رہے ہیں کہ بسوں کو پولیس والوں نے چھوٹ دی ہوئی ہے۔ وہ جس طرح چاہتے ہیں ، بسوں کو چلاتے ہیں اور ان بسوں کے نیچے معصوم طالب علم آ کر کچلے جاتے ہیں ۔ میں نے آج اخبار میں یہ پڑھا ہے کہ اس بچے کی والدہ کا بھی اس صدمے سے انتقال ہو گیا ہے اور اسلام آباد اور راولپنڈی کے تعلیمی ادارے ہڑتال کی وجہ سے بند ہیں ۔ طالب علم سڑکوں پر نکلے ہوئے ہیں Law and Order situation create ہو رہی ہے ۔ میں آپ کے توسط سے حکومت سے یہ گزارش کروں گا کہ کسی قسم کی یقین دہانی طلبا برادری کو دیں ۔ بچوں کو دیں کہ اس سلسلے میں مجرموں کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی ۔ آئندہ اس قسم کے انتظامات کئے جائیں گے کہ اس قسم کی صورت حال پیش نہ آئے کیونکہ ہم بچوں والے لوگ ہیں ۔ ہمیں اس سلسلے میں احتجاج بھی کرنا چاہئیے اور یہ انتظام بھی کرنا چاہئیے کہ اس قسم کے حادثات نہ ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جی یٰسین خان وٹو۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ جناب والا! ہمیں اس بچے کے بارے میں بھی کافی دکھ ہے، اس کے والدین کے ساتھ بھی پوری ہمدردی ہے اور طلبا کمیونٹی کے ساتھ بھی ہمدردی ہے ۔ یہ بھی بڑے دکھ کی بات ہے کہ میں نے آج اخبار میں پڑھا کہ اس بچے کی والدہ کا بھی صدمے سے انتقال ہو گیا ہے۔ اس سے مجھے بڑا دکھ اور افسوس ہے اور میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس سلسلے میں انشاء اللہ اس زیادتی اور بچے کی موت کے سلسلے میں جو بھی گناہ گار پائے گئے، جن لوگوں نے بھی کوئی کوتاہی ، زیادتی یا جرم کیا ہے ،ان کو انشاء اللہ قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جناب وزیر صاحب ! بات یہ ہے کہ یہ تو ایک بچے کی افسوس ناک بات ہے لیکن آپ generally دیکھیں، چاہے وہ اسلام آباد ہو ، چاہے وہ اسلام آباد سے پشاور تک سڑک ہو۔ جہاں بھی سڑک بنتی ہے، مرمت ہوتی ہے ۔ کوئی safety precautions نہیں ہوتے ، کوئی warning signs نہیں ہوتے، سکولز کے بچوں کو سڑک پار کرنے کا طریقہ

نہیں بتایا جاتا ، لوگوں کو ٹریفک رولز نہیں سکھائے جاتے، تو یہ ایک بڑا سنجیدہ مسئلہ ہے۔ معلوم نہیں اس حکومت کے پاس figures ہوں گے کہ نہیں ، اگر آپ دیکھیں کہ پاکستان میں road accidents میں کتنے لوگ مر چکے ہیں ، کتنے لوگ زخمی disable, crippled ہو چکے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بہت serious matter ہے اور صرف ایک بچے کی ہمدردی کی بات نہیں ہے بلکہ یہ ایک بہت سنجیدہ مسئلہ ہے ۔ہمیں اس کو بحیثیت ایک قوم لینا چاہئیے۔

میاں محمد یسین خان وٹو۔ جناب والا! آپ کی observation کا بڑا احترام ہے۔ حکومت انشاء اللہ اس سلسلے میں کوشش کرے گی کہ اس مسئلے کو اس کی اہمیت کے مطابق حل کرے۔

جناب سرتاج عزیز۔ جناب والا! پوائنٹ آف آرڈر سب اہم ہیں لیکن اگر ایجنڈا dispose of کر کے یہ deal کئے جائیں تو زیادہ بہتر ہو گا کیونکہ اگر پہلا ایجنڈا ختم ہو جائے تو اس کے بعد اس کو لیا جا سکتا ہے ۔

(VIII) Re: TEN PML WORKERS RELEASED ON BAIL, WHO ARRESTED FOR ATTACKING THE SUPREME COURT BUILDING.

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب میری مختصراً دو گزارشات ہیں۔ سب سے پہلے تو میرا point of order جو ہے وہ Order of the Day کے متعلق ہے۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کی توجہ item No.3 پر مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ یہ پہلے بھی آیا تھا اور آپ بار بار لے آتے ہیں ۔ میں آپ کو صرف اتنا عرض کر دوں کہ جس طرح یہ بار بار آ رہا ہے، لگتا ہے کسی نے پیسے لئے ہوئے ہیں پلاٹ مافیا سے۔

جناب چیئرمین ! دوسری گزارش میری اتنی ہی مختصر ہے اور وہ یہ ہے کہ اس پر وزیر پارلیمانی امور پہلے بیان دے چکے ہیں ،جب ایک بار شفقت محمود صاحب نے بات کی تھی۔ میں کوئی عدالتی کارروائی سے متعلق بات نہیں کرنا چاہتا ۔میں صرف ریکارڈ پر یہ تصویر رکھنا چاہتا ہوں جو آج کے ایک اخبار میں شائع ہوئی ہے اور اس سے میرا سر شرم سے جھک گیا ہے ۔ خبر نہیں حکومت کس قسم کی تباہی کرانا چاہتی ہے کہ جو ملزمان ضمانت پر رہا ہوئے ہیں ، اوّل تو ان کی ضمانت پر رہائی کہ ایک آدمی سپریم کورٹ پر حملہ کرے اور سول جج ان کی ضمانت لے لے۔ چلیئے میں اس کے

بارے میں بھی صرف اس لئے کچھ نہیں کہتا کہ عدالت کا فیصلہ ہے ۔ مگر حیرت ہوتی ہے کہ اتنے بڑے اور مقدس ادارے پر حملہ ہو ، اسی کے ماتحت اتنا چھوٹا ادارہ، قانون شاید اجازت دیتا ہو اور وزیر صاحب سمجھتے ہوں کہ کوئی routine کا مسئلہ ہے تو وہ ضمانت لے لے۔ میں ان کے فیصلوں پر نہیں جانا چاہتا مگر جناب چیئرمین! شرم کی بات ہے ۔ میں صرف اس میں سے دو تین چیزیں پڑھنا چاہتا ہوں کہ

"Hundreds of Pakistan Muslim League's workers welcomed their ten colleagues outside Adiala jail, after their release on bail here on Wednesday, who were arrested for attacking the Supreme Court building during a contempt hearing against Prime Minister Nawaz Sharif. The Court granted bail.

آگے میں چھوڑتا ہوں ۔ایم پی اے اختر محمود، کیا اس کو گرفتار انہوں نے کیا ہے کہ نہیں کیا ہے۔ میں پوچھوں گا۔

MPA Akhtar Mehmood alongwith PML workers welcomed the released workers and drove them to Rawalpindi from Jail in a Motorcade. At Kutcheri chowk, an unpleasant incident took place when some of the processionists clashed with each other, leaving one of them injured. However, the senior leaders intervened in time and controlled the situation.

اس incident پر کل میری زبان سے ایک لفظ نکل گیا تھا اور سینیٹر صاحب نے اس پر اعتراض کیا تھا ۔میں نے وہ لفظ واپس لے لیا تھا کہ وہ غنڈوں کا لفظ تھا۔ میں اب بھی اگر اس کو استعمال نہ کروں تو مجھے بتایا جائے کہ ان کے لئے کیا لفظ استعمال ہو گا۔ پھر آگے،

Later the procession continued its journey towards Mureer Chowk and marched on Murree road, chanting slogans in favour of Prime Minister Nawaz Sharif. The activists were taken to Muslim League House on Iqbal road where MPA Sardar Naseem,

پہلے ایک اور ایم پی اے تھے اختر محمود، اب ہیں ایم پی اے سردار نسیم، بابر اعوان and others delivered speeches.

جناب چیئرمین! یہ کتنے دکھ کی بات ہے ' اتنا بڑا سانحہ ہے ' یہ واقعہ ہے اور اس واقعے پر بجائے یہ کہ ندامت ہو ' بجائے یہ کہ ان کے سر بھی شرم سے جھکیں' یہ فخریہ ان کو فاتح سپریم کورٹ بنا رہے ہیں۔ یہ ان ہی کے لوگ ہیں ' ان ہی کے workers ہیں ' ان ہی کے MPAs ہیں ' جس طرح ان کا استقبال کر رہے ہیں اور جس طرح ان کو جلوس میں لے کر ' جشن میں اور V signs اور پھولوں کے ہاروں سے لیس' وہ وہاں سے نکلے ہیں اور ظاہر ہے اسلحہ سے لیس بھی ہیں چونکہ incident میں جو injured ہوا ہے 'میری اطلاع کے مطابق وہاں آپس میں ان کی گولی بھی چلی ہے۔ بہرحال یہ اس پر کیا کرتے ہیں خوش ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس احتجاج کے ساتھ کہ اس شرمناک واقعہ پر یہی نہیں کہ حکومت کوئی action ان کے خلاف لے' حکومت اس جلوس کی ' اس celebration کی ' اس جشن کی معاون بھی ہے ' کیونکہ یہ PML House میں ہوا ہے ' میں نہ صرف اس اخبار کی یہ cutting آپ کے ریکارڈ پر formally رکھنا چاہتا ہوں بلکہ ہم اپوزیشن والے سپریم کورٹ کے تقدس کی بدستور پائمالی پر ٹوکن واک آؤٹ کریں گے۔

(اس موقع پر اپوزیشن ٹوکن واک آؤٹ کر گئی)

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب چیئرمین! ہم اس کی مذمت کرتے ہیں کہ ایک سپریم کورٹ جیسے ادارے پر حملہ اور اس کے بعد ان ملزمان کی حوصلہ افزائی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت وقت کے لئے یہ بہت ہی افسوس ناک بات ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ندامت کی بات ہونی چاہیئے کہ ایسے کارکنوں کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے جو سپریم کورٹ پر حملے کی وجہ سے ملزم ہوئے۔ہم واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلے پر اپوزیشن کے بقیہ ممبران نے بھی واک آؤٹ میں حصہ لیا)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ان کو منا لیں۔ عباسی صاحب' میرے خیال میں آپ کا بہت زیادہ influence ہے اگر آپ چلے جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: میں منانے جاؤں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ہاں' آپ بھی جائیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب چیئرمین! اگر اجازت ہو تو میں تھوڑا سا ذکر کر

دوں جو کچھ فاضل لیڈر آف دی اپوزیشن نے فرمایا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میرے خیال میں compromise اس پر کریں گے کہ بات وہیں ختم ہو جائے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو، اچھا جی ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پہلے میں leave applications لے لوں۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جناب اسلام الدین شیخ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۷ نومبر تا ۸ دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۸ دسمبر تا حالیہ مکمل اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جناب محمد اجمل خان خٹک صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۸ دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جناب مختار احمد خان ذاتی وجوہات کی بنا پر مورخہ ۸ دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سید قاسم شاہ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۸ تا ۱۱ دسمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب محمد زاہد خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج یعنی مورخہ ۱۱ دسمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میاں عبدالستار لالیکا نے اطلاع دی ہے کہ ان کی ہمشیرہ انتقال فرما گئی ہیں اس لئے وہ مورخہ ۱۰ تا ۱۲ دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی ہمشیرہ کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔

(مرحومہ کے لئے فاتحہ پڑھی گئی)

MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT.

Mr. Presiding Officer: We have received a message from the National Assembly which I would like to read out: "The National Assembly Secretariat has informed that the National Assembly has passed the Securities and Exchange Commission of Pakistan Bill, 1997."

Now, we move on to the next item which is item No.2A.

نہیں 2A تو leave applications ہے ناں۔

LEGISLATION

INTRODUCTION OF A BILL

Mr. Presiding Officer: Mr. Sartaj Aziz, Minister for Finance,

Economic Affairs and Statistics to move Item No.2A.

Mr. Sartaj Aziz: I beg to move Mr. Chairman, that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the requirement of Rules 108, 109 and 110 of the said Rules in respect of the Bill to provide for the establishment of the Securities and Exchange Commission of Pakistan and to provide for matters connected therewith and incidental thereto [The Securities and Exchange Commission of Pakistan Bill, 1997] be dispensed with.

Ch. Aitzaz Ahsan: we oppose.

Mr. Presiding Officer: O.k., would you like to explain about this? Yes, Sartaj Aziz Sahib.

جناب سرتاج عزیز : جناب چیئرمین ' جیسا کہ آپ کو معلوم ہے یہ بل نیشنل اسمبلی سے آج صبح پاس ہوا تھا لیکن یہ بل وہاں پر 5 تاریخ کو table کیا گیا تھا پھر وہاں سٹینڈنگ کمیٹی میں پیش ہوا ۔ اور کل سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ پیش ہوئی اس میں تھوڑی سی جلدی اس لئے ہے کہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک نے اس پورے پروگرام کے لئے ڈھائی سو ملین ڈالر کا قرضہ منظور کیا ہے۔ اور اس کی 50 فیصد installment ہے' اس کے release ہونے میں ایک شرط یہ ہے کہ یہ اس سے پہلے پاس ہو جائے۔ وہ رقم ہمیں 31 دسمبر سے پہلے ملنی ہے ۔ تو شرط یہ ہے کہ یہ بل بارہ تاریخ سے پہلے پاس ہو' یعنی کل ۔ تو میں نے سہولت کے لئے بل کی ایک ایڈوانس کاپی رضا ربانی صاحب کو دے بھی دی تھی اور تاج حیدر صاحب نے مہربانی کر کے اس پر comments بھی لکھے تھے جس کا جواب میں نے ان کو دے بھی دیا ہے کہ جو ان کی تجاویز ہیں وہ regulation میں incorporate ہو سکتی ہیں۔ اس میں کوئی ایسا سقم یا مسئلہ نظر نہیں آتا لیکن میں اس کی وضاحت کر دیتا ہوں کہ بل کے مقاصد کیا ہیں اور اگر آج یہ ٹیک اپ کر لیا جائے۔ میں urgency کی بات کر رہا ہوں کہ اگر کر دیں تو مہربانی ہو گی۔

چوہدری اعتزاز احسن : اگر آپ prorogue کرتے ہیں تو ہم کرتے ہیں ورنہ ہم

نہیں کریں گے۔

جناب سرتاج عزیز : Prorogation آرڈر نہیں ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن : Prorogation آرڈر تو چیئرمین صاحب کے پاس پڑا ہوتا ہے ' آپ ان سے پتا کرائیں ۔ ان کے پاس آیا ہوتا ہے یہ بڑی آپ کی نااہل گورنمنٹ ہے کہ ان کے پاس prorogation آرڈر ہی نہیں ہے۔ ہم پھنسے ہوئے ہیں ' تنگ آئے ہوئے ہیں۔

Mr. Presiding Officer : Please no cross talk !

چوہدری اعتزاز احسن : جناب چیئرمین ! انہوں نے تو کوئی اور کام نہیں کرنا ہوتا ہمیں مفت میں خراب کر رہے ہیں ۔ پہلے تو ایک بحران تھا ' crisis تھا ' اس میں تو ہم چل رہے تھے۔ ہمیں اب سمجھ نہیں آتی کہ ہمیں کیوں روز بلا لیتے ہیں ۔ صبح بلاتے ہیں تو سیشن شام کو کرتے ہیں۔ شام کوبلاتے ہیں تو پھر سیشن نہیں ہوتا۔ اب اس سیشن کو چلانے کا کوئی مقصد ہے۔ اگر یہ بل پاس کرنا ہے۔ ہم پاس کروانے کے لئے ان سے تعاون کرنے کو تیار ہیں۔ لیکن ہم suspension of rule کو پھر بھی oppose کریں گے۔ ہماری گفتگو ' ہماری گزارشات سنی جائیں ۔ یہ بعد میں چاہے میجارٹی سے کر لیں۔ لیکن اگر یہ ہاؤس prorogue نہیں ہونا لیکن ہمیں ہر روز کہا جاتا ہے کہ ہو جائے گا ۔ہم نے اور کاروبار بھی کرنے ہیں ۔ ہم اتفاق فاؤنڈری کے ملازم نہیں ہیں ۔ خدارا ! ہم اتفاق فاؤنڈری کے ملازم نہیں ہیں۔آپ ملازمین ہونگے ۔

جناب سرتاج عزیز : ہم بھی نہیں ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن : کسی ایک شخص کی صوابدید پر سارے کاروبار چھوڑ کر یہاں نہیں بیٹھ سکتے ہیں جبکہ کسی ایک سیٹنگ میں بھی کوئی substantive کام نہیں ہوتا۔ کوئی substantial work نہیں ہوتا۔ کوئی ایسا کام نہیں ہوتا جس کا کوئی جواز ہو' کوئی بات ہو' وقفہ سوالات میں پوائنٹ آف آرڈر پر بھی ہم اجلاس چلا دیتے ہیں تو کچھ ان کا چل جاتا ہے ۔ ان کے پاس کوئی کاروبار ہاؤس کے سامنے لانے کے لئے نہیں ہے اور یہ ہاؤس چلائے جا رہے ہیں۔ ہر روز کم از کم پانچ لاکھ کے قریب صرف الاؤنس دیئے جا رہے ہیں ۔ ان کو اس خسارے کا بھی کوئی خیال نہیں ۔ ایک شخص کی صوابدید ہے اور ہم یہاں بغیر کام کے مکھیاں مارتے رہیں ۔ بیچ میں یہ بل آئیں' رول suspend کروائیں' فوراً پاس کرائیں' یہ لیجسلیشن ہے۔ اس طرح لیجسلیشن ہوتی ہے

جناب چیئرمین ! جس طرح یہ کرنا چاہ رہے ہیں۔ اتنا آپ نے اس سیشن کو لٹکایا ہے آپ اس کو اگلی دفعہ لے کر جائیں ' پاس کرائیں، سیر حاصل اس پر بحث کریں۔ کمیٹی کو بھیجیں ' کمیٹی اس پر غور کرے ' سب کچھ دیکھے ۔ ہر لیجسلیشن رول suspend کر کے یہ کرنا چاہتے ہیں ۔ہم اس کی سخت مخالفت کرتے ہیں ۔ اگر یہ اس ہاؤس کو اس طرح چلانا چاہیں گے تو ہم allies کو کہتے ہیں ' ان کے ساتھ بڑے بڑے معتبرین بیٹھے ہیں۔ لیکن یہ پاکستان مسلم لیگ نواز گروپ کی ڈکٹیٹر شپ جو ہے وہ اس طرح نہیں چل سکتی۔ یہ ڈکٹیٹر شپ ہے' اور یہ وزیر خزانہ اٹھے ہیں ۔ ویسے تو یہ وزیر خانہ ہی ہیں بلکہ میں تو وزیر خانہ بربادی کہوں گا ۔ اگر آپ مجھ سے پوچھیں ' ایک لیجسلیشن آپ دکھائیں جو انہوں نے رول کو suspend کر کے نہ کی ہو ۔

جناب سرتاج عزیز : یہ لفظ expunge کیا جائے ۔

چوہدری اعتزاز احسن : نہیں یہ لفظ کوئی غیر پارلیمانی نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : نہیں جس خوشی کا یہ اظہار کر رہے ہیں اس میں تو یہ خانہ آبادی ہی سمجھ رہے ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن : اس ہاؤس میں بڑے بڑے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا لیجسلیشن ' کیا قانون سازی ہمارے مقدر میں لکھی ہے کہ ہم نے اسی طرح قانون پاس کرنے ہیں۔ کس لئے ہم آئے ہیں' کس لئے ہم منتخب ہوئے ہیں ۔ ہم مقاصد بتا دیں گے قانون کے اور قانون پاس ہو جائے گا۔ اس میں بھی ہم تعاون کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ آپ اس ہاؤس کو prorogue کریں ۔ کہاں تک لٹکائے جائیں گے ۔ اب حکومت کی نااہلی یہاں تک ہے کہ ان کے پاس prorogation order ہی نہیں ہے۔ یہاں لاءمنسٹر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے پاس اختیار بھی ہوتا تھا prorogation کا ' یہاں آرڈر بھی پہلے پہنچے ہوئے ہوتے تھے ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : یہ کوئی طریقہ نہیں ہے یہ غلط طریقہ ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن : یہ کوئی غلط طریقہ نہیں ہے یہ حکومت کی صوابدید ہوتی ہے ' وزیر پارلیمانی امور کی یہ صوابدید ہونی چاہیئے ان کو یہ اختیارات ہی تفویض نہیں ہیں۔ آپ کے بارے میں ' میں پہلے عرض کر رہا ہوں کہ آپ ملازمین ہونگے اتفاق فاؤنڈری کے ۔ آپ کو کوئی

اختیار ، کوئی صوابدید تفویض نہیں ہوئی ہوگی۔ ہمیں کیوں اپنی ملازمت پکی کرنے میں رگڑا جا رہا ہے ۔ ہمیں بھی عذاب میں ڈالا ہوا ہے یہ تو کوئی بات نہیں ہوئی۔ کچھ پتہ نہیں کب سیشن شروع ہوا ہے ، کب ختم ہونا ہے۔ میں ابھی بھی ان کو آفر کرتا ہوں کہ اگر یہ prorogue کریں، سب کو مشکل میں کیوں ڈالتے ہیں ، لوگ اپنے گھروں کو جانا چاہتے ہیں، اپنے کاروبار کے لئے جانا چاہتے ہیں ، کل کیا ہوگا ، کچھ نہیں ہوگا۔ پھر ان کو یہ بھی علم نہیں کہ کل ختم ہو جائے گا یا نہیں ہوگا۔ منیجنگ ڈائریکٹر صاحب اتفاق فاؤنڈری کے کہیں گے کہ نہیں ہونا، تو نہیں ہوگا ۔ ان کی طرف سے یہ حکم آجائے کہ نہیں ہوگا، نہیں ہوگا۔

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین ! اگر آج یہ بل پاس کردیں تو کل ختم ہو جائے گا۔ کیونکہ کل جمعہ کا دن ہے مختصر سیشن ہوگا، اگر یہ بیچ میں سے نکل جائے تو کل ختم ہو جائے گا۔ اجلاس شام کو کرلیں گے کیونکہ صبح کیبنٹ ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن : کوئی ایک چیز ان کی سیدھی نہیں ہے۔ اب جمعہ کو اکثر، یا جس دن ویک اینڈ آتا ہے اس دن سیشن صبح ہوتا ہے ، دن میں ۔ اب یہ چار بجے کی نوید سنا رہے ہیں۔ آپ کیبنٹ میٹنگ شام کو رکھیں ، اس ہاؤس کی کوئی اہمیت ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ایک سیکنڈ، ایک وقت میں ایک بولے۔ اعتزاز صاحب آپ نے اگر تقریر مکمل کرلی ہے تو آپ بیٹھ جائیں ۔ تاکہ وہ جواب دے سکیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ اجلاس سینٹ کا یا اسمبلی کا ہونا تو ایک اچھی بات ہے ۔ یہاں انہیں نمائندگی کا موقعہ ملتا ہے ، حکومت پر تنقید کرنے کا موقعہ ملتا ہے اور عوامی مسائل پیش کرنے کا موقع ملتا ہے اور انہوں نے ساتھ یہ فرمایا کہ crisis تھا تو پھر ٹھیک تھا ۔ میں عرض کروں گا کہ crisis کے باوجود اس معزز ایوان نے کئی بل پاس کئے ہیں ۔ جب یہ اجلاس مکمل ہوگا تو میں ان کی ساری فہرست بتاؤں گا۔ نیشنل اسمبلی نے بھی کئی بل پاس کئے ہیں باوجود اس بات کے کہ crisis تھے ۔ اصل میں بات یہ ہے کہ ایوان کے نمائندگان کو جب ملک میں crisis ہوں ، ملک کے مسائل ہوں اس وقت انہیں یہاں موجود رہنا چاہیئے۔ عوام کے مسائل پیش کرنے چاہیئں تاکہ crisis میں عوام، لوگ ان ایوانوں میں دیکھیں ،

پارلیمنٹ کو دیکھیں بجائے اس بات کے کہ کوئی جا کر جلسے اور جلوسوں کے ذریعے crisis کو حل کرنے کی کوشش کرے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات تو کوئی قابل اعتراض نہیں ہے اور prorogation order اگر پہلے وزیر صاحبان اپنی جیب میں رکھتے تھے تو ان کے خیال میں وہ بات درست ہو گی، ہمارے خیال میں یہ بات درست نہیں ہے۔ اس بل کے پاس کرنے کے بارے میں کچھ مجبوری ہے جو فنانس منسٹر صاحب بیان فرمائیں گے کہ اس سلسلےمیں کچھ ایسی ضرورت ہے کہ اس کو ضروری پاس کرنا ہے ۔ تو یہ پاس ہو جاتا ہے تو انشاء اللہ اس سلسلے میں جس طرح ابھی فنانس منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ ہم کوشش کریں گے کہ کل اجلاس prorogue ہو جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ منسٹر صاحب یہ پہلا بل نہیں ہے جو اس طریقے سے، یہ متواتر ایک روایت بنتی جا رہی ہے۔

میاں یٰسین خان وٹو۔ جناب چیئرمین! صرف ان cases میں ہم نے جہاں urgency ہوئی ہے۔ مثلاً سترہ جج مقرر کرنے تھے اس سلسلے میں ضرور Rule suspend کئے گئے ہیں Anti-terrorist Act میں بھی یعنی کئی بہت فوری اور ضروری تھے جو بہت فوری اور ضروری تھے وہ Rule suspend کر کے ہوئے لیکن آپ تعداد دیکھ لیں کہ جو بغیر Rule suspend کیے ہوئے ہیں وہ آپ نے زیادہ بل پاس کئے ہیں۔ یہ حتی الوسع ہماری کوشش ہو تی ہے کہ Rule suspend نہ ہوں لیکن جہاں مجبوری ہو جائے تو میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ قانون میں اس بات کا Rules میں موجود ہونا کہ Rules suspend کئے جا سکتے ہیں بذات خود اس امر کی دلیل ہے کہ بوقت ضرورت آپ اس اختیار کو استعمال کر سکتے ہیں اور پھر وہ اختیارات جناب اکثریت کی مرضی کے ووٹ سے استعمال ہونے ہوتے ہیں۔ یہ قانون ہے اور ان قوانین کی افادیت ہے اور میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں کوئی اتنا مسئلہ نہیں ہے جو سمجھا جائے کہ غیر مناسب ہے ہر لحاظ سے اس کی مناسبت اور ضرورت دیکھنا جو ہے اس کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔ باقی Rules کو suspend کرنے کی Rules اجازت دیتے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ساری دنیا میں اپنے تجربات سے اسی نتیجے پہ وہ پہنچے ہیں کہ Rules کے مطابق جہاں تک ہو، چلا جائے جہاں Rules کوئی ایسی صورت پیدا کرتے ہوں کہ فوری ضرورت پوری نہ کرتے ہوں تو وہاں ان کو suspend کر کے کیونکہ آخری جو فیصلہ ہے قانون کا، ایوان چلانے کا، وہ آپ کے پاس، ایوان کے پاس یا

بطور چیئرمین آپ کے پاس ہے کہ آپ ان چیزوں کو ، قانون کو چلانے کے لئے Rules کو چلانے کے لئے اقدامات کریں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی اعتراض والی بات نہیں ہے ۔ میرے خیال میں میں یہیں بات ختم کرتا ہوں تاکہ معاملہ مزید لمبا نہ ہو جائے کیونکہ وہ بڑی جلدی ناراض ہوتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ عاقل شاہ صاحب ? you are on a point of order۔

سید عاقل شاہ۔ جناب میں اسی سلسلے میں جو point of order۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔ اس پہ تو گورنمنٹ نے کہہ دیا ہے ، اس پہ گورنمنٹ کا موقف سن چکے ہیں۔

سید عاقل شاہ۔ نہیں، جناب ، میں اور بات کرنا چاہتا ہوں۔ جناب کل صبح جمعہ کا دن ہے جیسا اعتزاز صاحب نے کہا اور لوگ واپس جانا چاہتے ہیں یہ صرف اس لئے کہ صبح Cabinet meeting ہے تو ہم شام کو یہاں پر، شام کو Cabinet meeting کیوں نہیں رکھتے اور صبح کو اجلاس کیوں نہیں رکھتے۔

Syed Iqbal Haider: Sir, I move a motion in this regard that this House recommends that the Cabinet meeting should be held tomorrow evening instead of tomorrow morning and let us see what respect the government has for the Parliament?

جناب سرتاج عزیز۔ نیشنل اسمبلی already تین بجے کل convene ہو چکی ہے۔ مطلب ہے وہ schedule ہو چکی ہے۔

Syed Iqbal Haider: Let us see what respect they have for the Parliament Sir. They cannot even change the timing of their Cabinet meeting.

جناب سرتاج عزیز۔ اگر ان کو اعتراض ہے کہ ایک دن ان کو چاہئیے ، یہ نہیں کرنا چاہتے ہیں تو اس بل کو کل لے لیں ۔ ٹھیک ہے I don't mind, I want to take it up tomorrow, I have no objection۔ نیشنل اسمبلی convene ہو چکی ہے کل تین بجے کے لئے۔

Mr. Presiding Officer: No cross talk please.

آپ آپس میں بات کر لیں پھر آپ کا اتفاق رائے ہوتا ہے تو ٹھیک ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! Suspension of Rules آئندہ ۔۔۔۔۔۔ کب تک ہوتا رہے گا۔ جناب حقیقت یہ ہے کہ یہ routine بن چکی ہے۔ آئندہ کے لئے یہ کم از کم نہ ہو۔

Mr. Presiding Officer: Order in the House please.

ٹھیک ہے بات ہو گئی ہے۔

میاں یٰسین خان وٹو۔ جناب انہوں نے فرمایا کہ کل تین بجے رکھ لیں تو کل تین بجے رکھ لیجئے۔ وہ تو کرنا پڑے گا وہ فرماتے ہیں کہ کل تین بجے رکھ لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ کل آپ کے پاس تین بجے presiding officer ہو گا۔

جناب سرتاج عزیز۔ آپ ہوں گے ناں جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اگر صبح ہو سکتا ہے تو بہتر ہے۔

جناب محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب صبح نہیں ہوسکتا کیونکہ تین بجے رکھ لیں چار بجے ہم نے کہا تھا وہ تین کہتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ تین اور چار میں تو کوئی خاص فرق نہیں ہے ۔order please! Would you like to take your seats please! آپ سب تشریف رکھیں ۔ یہ ابھی میری صوابدید پر ہے کہ میں صبح رکھتا ہوں یا شام کو رکھنا چاہتا ہوں it is for the Chair to decide whether the session would be held tomorrow morning or in the afternoon, sense of the House لینا چاہتے ہیں کہ جو اصحاب چاہتے ہیں کہ اجلاس صبح ہو وہ ہاتھ کھڑا کریں' اچھا ایک دوسری proposal بھی ہے جس طرف سے بھی آئی ہے۔ وہ بھی سن لیں وہ شاید قابل قبول ہو یا نہ ہو مجھے پتہ نہیں ہے کہ سینٹ چونکہ جو minimum requirement ہے ninty days کی وہ تو پوری ہوچکی ہے اور اگر آج بل پاس ہوجائے تو جمعہ ہفتہ اور اتوار کے بعد سوموار کو اجلاس رکھ لیں اور وہ Private Members Day ہوگا اور بزنس بھی ہو جائے گا اس پر

آپ لوگوں کی کیا رائے ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن، جناب سب کی خواہش ہے کہ یہ اجلاس ختم ہو پھر جب بلانا چاہیں گے بلالیں اب وہ weekend کے بعد کہاں واپس آئیں گے۔ تین بجے کر لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ مگر ابھی کیا کرنا ہے، تو منسٹر صاحب پھر یہ کل کے لئے ڈیفر کرتے ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب صرف clarification کے لئے کیونکہ میاں صاحب نے مہربانی فرمائی ہے کہ یہ نمبر تین کو خود انہوں فرمایا کہ نہیں لیا جائے گا ان کی ایک assurance، اس دن میرے خیال میں خالد انور صاحب تھے یا کوئی اور کہ ہمارے ساتھ اس پر پہلے consult کرنے کے بعد اس کو withdraw کیا جائے گا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میں اس پر فائنل نہیں عرض کرسکتا لیکن آپ کو کنسلٹ کریں گے اگر ایجنڈے پر یہ آ بھی جائے تو ہم اس پر اصرار نہیں کریں گے۔ آپ اس کی فکر نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اچھا چونکہ ابھی there is no other item on the Agenda the House is adjourned to meet at three PM tomorrow. Thank you.

[Then the House was adjourned to meet again on 12th December, 1997 at 3' O' clock in the eveneing]